بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف تنظیم المدارس أهل السنة باکستان

المتوسطة (الطلباء) الموافق سنة 1435ھ 2014ء

## متوسطہ (مڈل)، دوسرا پرچہ: عقائد

مقررہ وقت: تین گھنٹے — کل نمبر 100

### پہلا حصہ۔۔۔۔۔تعلیم اسلام

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے تیس (20) سوالات کے جوابات لکھیں۔ (ہر سوال کے 2 نمبر ہیں)

1۔ آپ کون ہیں؟ 2۔ مسلمان کسے کہتے ہیں؟

3۔کلمہ طیبہ کا معنی لکھیں۔ 4۔ جو خدا تعالیٰ کو نہ مانے اسے کیا کہتے ہیں؟

5۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کب پیدا ہوئے؟ 6۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

7۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام کیا تھا؟ 8۔ قرآن مجید کس پر اترا؟

9۔ امتی کو کسی نبی سے افضل بتانا کیسا ہے؟ 10۔کیا امتی عمل میں نبی سے بڑھ سکتا ہے؟

11۔ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شادی کتنی عمر میں ہوئی؟ 12۔آپ کے مذہب کا نام کیا ہے؟

13۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار مبارک کہاں ہے؟ 14۔قرآن مجید کس کی کتاب ہے؟

15۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟ 16۔ جبرائیل علیہ السلام کون ہیں؟

17۔ سب سے بڑا مرتبہ کس صحابی کا ہے؟ 18۔ صحابی کسے کہتے ہیں؟

19۔ عشرہ مبشرہ کسے کہتے ہیں؟ 20۔ کل صحابہ کتنے ہیں؟

21۔ اولیاء اللہ کسے کہتے ہیں؟ 22۔ معجزہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے چار سوالات کے جوابات لکھیں۔ (ہر سوال کے پانچ نمبر ہیں)

1۔ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہمیں کیسا عقیدہ رکھنا چاہیے؟ 2۔ فرشتے کیا کرتے ہیں؟

3۔ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے نام لکھیں (کم از کم آٹھ) 4ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ خوبیاں بیان کیجیے۔

5۔ عشرہ مبشرہ کے نام لکھیں؟

### دوسرا حصہ۔۔۔۔۔۔۔ایمانیات

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے چار سوالات کے جوابات لکھیں۔ (ہر سوال کے دس نمبر ہیں)

1۔ دوسرا کلمہ مع معنی تحریر کریں۔ 2۔ تیسرا کلمہ مع معنی تحریر کریں۔

3۔ پنجم کلمہ تحریر کریں۔ 4۔ ایمان مجمل مع معنی لکھیں۔

5۔ ایمان مفصل مع اعراب یعنی زبر زیر وغیرہ لگا کر لکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف تنظیم المدارس أهل السنة پاکستان

### المتوسطة (الطلباء) الموافق سنة 1435ھ 2014ء

مقررہ وقت: تین گھنٹے — **متوسطہ (مڈل)، تیسرا پرچہ: فارسی ادب** — کل نمبر 100

نوٹ: گلستان سے تین اور فارسی قاعدہ سے دو سوال حل کریں۔

### قسم اول ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گلستان

سوال نمبر1: یکے از صالحاں بخواب دید پادشاہے را در بہشت و پارسائے، در دوزخ پرسید کہ موجب درجات ایں چیست وسبب درکات آں چہ کہ مردم بخلاف آں می پنداشتند ندا آمد کہ ایں پادشاہ بارادت درویشاں در بہشت است وایں پارسا بتقرب پادشاہاں در دوزخ۔

(۱) اردو میں ترجمہ کریں۔ (۱۰)

(۲) حکایت کا مقصد لکھیں۔ (۵)

(۳) خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیں۔ (۵)

سوال نمبر2: ترجمہ لکھیں اور اشعار کی مختصر تشریح لکھیں

بآدمی نتواں گفت ماند ایں حیواں — مگر دراعہ ودستار و نقش بیرونش

بگرد در ہمہ اسباب ملک وہستی او — کہ ہیچ چیز نہ بینی حلال جز خونش

قطر علی قطر اذا اتفقت نہر — ونہر الی نہر اذا اجتمعت بحر (۲۰)

سوال نمبر3: ترجمہ و مختصر تشریح لکھیں

کفیت اذی یا من یعد محاسنی — علانیتی ھذا ولم تدر باطنی

بر دبا دوستاں آسودہ بنشیں — چوں بینی درمیاں دشمناں جنگ

وگر بینی کہ باہم یک زبانند — کماں را زہ کن وبر بارہ بر سنگ (۲۰)

سوال نمبر4 بے ہنر منداں را نتوانند دید ہمچناں سگ بازار سگ صیدی را مشغلہ بر آرند وپیش آمدن نیارند یعنی چوں سفلہ بہ ہنر باکسے برنیاید بخبثش درپوستین افتند۔

(۱) ترجمہ کریں (۱۰)

(۲) اس کا مقصد بیان کریں (۵)

(۳) خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیں (۵)

### قسم ثانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فارسی قاعدہ

سوال نمبر5 فارسی میں ترجمہ کریں اور صیغہ و فعل لکھیں (۲۰)

چاہئے کہ ہم نہ کھائیں۔ چاہئے کہ میں نہ تعریف کیا جاؤں۔ وہ نہیں کھائیں گے۔ وہ پسند کئے جائیں گے ۔ تم کھاتے ہو۔ انہوں نے کہا۔ میں نے لکھا ہے۔ انہوں نے نہیں بیچا ہو گا۔

سوال نمبر6 اردو میں ترجمہ کریں اور صیغہ اور فعل لکھیں (۲۰)

فرستادہ شدے۔ آوردہ شدہ باشید۔ شناختہ نمی شدم۔ درخشیدہ اند۔ پرسیدہ۔ نمی خوریم۔ آزاریدی شوید

سوال نمبر7 سوالات کے جوابات لکھیں (۲۰)

۱۔ اسم فاعل بنانے کا قاعدہ کیا ہے؟ ۲۔ اسم تفضیل کیسے بناتے ہیں؟ ۳۔ نہی بنانے کا قاعدہ بیان کرو۔ ۴۔ امر غائب اور حاضر میں کیا فرق ہے؟

۵۔ حال مجہول بنانے کا قاعدہ بتاؤ ۶۔ مضارع کی تعریف کرو ۷۔ ماضی تمنائی کس طرح بنائی جاتی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف تنظیم المدارس أهل السنة باکستان

المتوسطة (الطلباء) الموافق سنة 1435ھ 2014ء

مقررہ وقت: تین گھنٹے — **متوسطہ (مڈل)، چوتھا پرچہ: عربی واردوادب** — کل نمبر 100

حصہ عربی کے تمام سوالات حل کریں اور حصہ اردو کا آخری سوال لازمی ہے باقی 2 سوال حل کریں۔

## پہلا حصہ۔۔۔۔۔عربی

سوال نمبر1: کسی ایک جزو کا ترجمہ کریں۔ 11

(الف) سافر رسول الله صلى الله عليه واله وسلم فى تجارة لها الى بلاد الشام وكان معه فى تلك الرحلة غلامها ميسرة الذى راى من امانته وبركاته الشئ الكثير وعاد رسول الله صلى الله عليه وسلم لها بربح وفير فاعجبت به وبما سمعته من اخباره وامانته تزوجها رسول الله ﷺ وهو فى الخامسة والعشرين من عمر

(ب) وحمل مصعب رضى الله عنه الامانة مستعينا بما انعم الله عليه من عقل راجح وخلق كريم وايمان راسخ فاحبه الانصار واقبلوا على دين الاسلام افواجا، وامتلأت قلوبهم بالايمان وأيات الله البينات

سوال نمبر2: کسی ایک جزو کا ترجمہ کریں۔ 12

(الف)

| | |
|---|---|
| انني اليوم صغير | ادرس العلم الثمين |
| كى ترى منى بلادى | فى غد خير معين |
| اينما كنت فقلبى | دائما يهفو اليها |
| كيف لا اعشق ارضا | عاش اجدادى عليها |

(ب)

| | |
|---|---|
| الصين لنا والعرب لنا | والهند لنا والكل لنا |
| اضحى الاسلام لنا دينا | وجميع الكون لنا وطنا |
| توحيد الله لنا نور | اعددنا الروح له سكنا |
| علم الاسلام على الايا | م شعار المجد لملتنا |

سوال نمبر3: (الف) تین سوالات کا عربی میں جواب دیں۔ (ہر جز کے تین نمبر ہیں) 9

1. ماهو عام الحزن؛ 2. بماذا عرف عمر بن الخطاب؛ 3. كم سنة عاشت السيدة خديجة رضى الله عنها مع النبى ﷺ
4. ما هو شعار المجد لملتنا؛

(ب) پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ (ہر جز کے 2 نمبر ہیں) 10

1. صخب، 2. الوفية 3. بهتان 4. راية 5. عز 6. علب 7. الغد

سوال نمبر4: (الف) درج ذیل میں سے چار جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔ ہر جزو کے 3 نمبر ہیں۔ 12

1- سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا مکہ کے ایک شریف گھرانے کی خاتون تھیں۔ 2- میں مسلمان ہوں۔
3- تو طالب علم ہے۔ 4- روم کے سفیر نے انھیں درخت کے نیچے گہری نیند میں دیکھا۔
5- وہ ایک بہترین معلم ثابت ہوئے۔

(ب) تین الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (ہر جزو کے 2 نمبر ہیں) 6

1- اسن 2. احد 3. يوم القيامة 4. غفور

## دوسرا حصہ۔۔۔۔۔۔اردو ادب

سوال نمبر5: خالی جگہیں پر کریں۔ 15

۱- یہ دنیا خیر و شر کی لاتعداد۔۔۔۔۔۔بھری پڑی ہے۔ ۲- جب تک میں خدا کی اطاعت کروں؛ میری۔۔۔۔کرو۔
۳- ستاروں پہ جوڑا لتے ہیں۔۔۔۔ ۴- سب طلبہ۔۔۔۔ہو گئے۔ ۵- دوسروں کے کام آنا بہت بڑی۔۔۔۔

سوال نمبر6 درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔ 15

۱- پاکستان کی تہذیبی ثقافت کیسی ہے؟ ۲- کوئی سے چار مذہبی تہواروں کے نام لکھیں؟ ۳- خلفائے راشدین کے دور کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۴- احکام الٰہیہ کو کون شخص دوسروں پر لاگو کر سکتا ہے؟ ۵- عمر ثانی کا خطاب کس کو دیا گیا؟

سوال نمبر8 درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں (کوئی پانچ) 15

جہالت، خودغرضی، مسافت، مویشی، نمائش، فروغ، محیط

سوال نمبر9 کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں 10

۱- حضرت عمر بن عبدالعزیز ۲- مثالی طالب علم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاختبار السنوی النھائی تحت إشراف تنظیم المدارس أھل السنة پاکستان

المتوسطة (الطلباء) الموافق سنة 1435ھ 2014ء

مقررہ وقت: تین گھنٹے | متوسطہ (مڈل)، پانچواں پرچہ: ریاضی و معاشرتی علوم | کل نمبر 100

## پہلا حصہ۔۔۔۔ریاضی

سوال نمبر1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوال حل کریں (ہر سوال کے 10 نمبر ہیں)

درست جواب پر درست کا نشان لگائیں۔

۱۔ اگر x,6,4,3 تناسب راست میں ہوں تو x کی قیمت ہو گی۔۔ (a) 3 (b) 4 (c) 6 (d)8

۲۔ اگر 5,b,a,3 تناسب راست میں ہوں تو ab کی قیمت ہو گی۔۔۔ (a) 3 (b) 5 (c) 15(d)8

۳۔ اگر d,c,b,a تناسب معکوس میں ہوں تو۔۔۔

(a) ac=bd (b) ad=bc (c) a+b=c+d (d)ab=cd

۴۔ 20 کے %20 کا %20 برابر ہو گا۔۔۔۔۔۔ (a) 20 (b) 4 (c) 8 (d)0.8

۵۔ 100 کا 100 فی صد برابر ہو گا۔۔۔۔۔۔ (a) 1 (b) 10 (c)100 (d)1000

سوال نمبر2: ایک درجن انڈوں کی قیمت 28 روپے ہو تو 21 روپے میں کتنے انڈے ملیں گے۔

سوال نمبر3: اگر 15 کار یگر 9 دنوں میں 20,250 روپے کمائیں تو 10 کار یگر 12 دنوں میں کتنے روپے کمائیں گے۔

سوال نمبر4: ایک صنعت کار دکاندار کو اپنی مصنوعات کی لکھی ہوئی قیمت پر %10 کمیشن دیتا ہے نقد ادائیگی کی صورت میں بقایا رقم پر %6 کمیشن دیتا ہے جس چیز کی لکھی ہوئی قیمت 1500 روپے ہو تو دکاندار کو نقد ادائیگی کتنی کرنا پڑے گی؟

سوال نمبر5: انکم ٹیکس کی رقم معلوم کریں اگر ایک شخص کی ماہوار آمدنی 6500 جبکہ ٹیکس کی شرح %5 اور ریبیٹ کی رقم 50,000 روپے ہو؟

سوال نمبر6: 12 کوئنٹل سامان کا کرایہ 18 کلو میٹر سفر کے لیے 20 روپے ہو تو 8 کوئنٹل سامان کا کرایہ 20 کلو میٹر سفر کیلئے کتنا ہو گا؟

## دوسرا حصہ۔۔۔۔معاشرتی علوم

پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی چار سوالوں کے جوابات تحریر کریں؟ (ہر سوال کے 10 نمبر ہیں)

سوال نمبر1 ۱۔ کہکشاں کسے کہتے ہیں۔ ۲۔ لاوا کیا ہوتا ہے؟ ۳۔ ہلال کسے کہتے ہیں۔ ۴۔ اسلامی تہواروں اور اسلامی کیلنڈر کا ماخذ کیا ہے؟

۵۔ ماہی گیری کا پیشہ کون لوگ اختیار کرتے ہیں۔ ۶۔ کام کا انحصار کس بات پر ہوتا ہے؟

۷۔ جاپان کا محل وقوع کیا ہے

سوال نمبر2 نظام شمسی کسے کہتے ہیں؟ سورج گرہن اور چاند گرہن کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر3 زمین کی ساخت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال نمبر4 شہروں کی جانب آبادی کے منتقل ہونے کے فوائد و نقصانات تحریر کریں؟

سوال نمبر5 مکہ معظمہ اور کراچی کہاں واقع ہیں اور کیوں مشہور ہیں بیان کریں۔

سوال نمبر6 دنیا کے کم گنجان آباد علاقے کون سے ہیں؟ ان میں آبادی کی کمی کی وجوہات بیان کریں؟

سوال نمبر7 پیشے سے کیا مراد ہے؟ وہ کون سے عوامل ہیں جو کوئی پیشہ اپنانے میں اثر انداز ہوتے ہیں؟

سوال نمبر8 تجارتی گلہ بانی کا پیشہ کن ممالک میں اپنایا گیا وجہ بیان کریں؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس أہل السنۃ پاکستان

## المتوسطۃ (الطلباء) الموافق سنۃ 1435ھ 2014ء

مقررہ وقت: تین گھنٹے — **متوسطہ (مڈل)، چھٹا پرچہ جنرل سائنس وانگلش** — کل نمبر 100

نوٹ: انگلش کے تمام اور سائنس کے پانچ سوال حل کریں

### پہلا حصہ ---انگلش

**Q. No 1** Translate in to urdu? (any one) (کسی ایک جز کا ترجمہ کریں) 15

(a) The Holy prophet (S.A.W) replied, " O Gracious and Merciful God, Show them the right path, for they do not know what they are doing. They do not recognize me.

(b) He (R.A) gave much importance to justice and well-being of the people. He (R.A) led a very simple life . He (R.A) loved to meet people and enguire about their problems.

**Q. No 2** Give answer the following question (any three) تین سوالوں کے جواب لکھیں 15

(i) Where did the old man live? (ii) Who knocked at his door in th stormy night? (iii) Who was the second Caliph of Islam? (iv) What kind of life did Hazrat Umar (R.A)have?

**Q. NO 3** Fill in the blanks (any three) (تین خالی جگہوں کو پر کریں) 15

(i) Hazrat Umar (R.A) was born at...., (ii) Hazrat Umar (R.A) ......in the holy wars. (iii) He (R.A) .....the enemy. (iv) The old man ......very kind. (v) Who is knocking .....my door.

**Q. No 4** Write an application to the Headmaster for leave on account of illness. 10

or یا

Write a story (any one) (i) The fox and the grapes (ii) Thirsty crow.

**Q. No 5 :** (a) کوئی سے پانچ مفردات کی جمع بنائیں Book , Woman, Foot, man , pen, dish , cat 5

(b) (pronoun) اسم ضمیر کی تعریف اور مثالیں لکھیں 5

(c) پانچ الفاظ کے معانی لکھیں verb. awake, nest, do , eat, bird , 5

### حصہ دوم------جنرل سائنس

**سوال نمبر1** خالی جگہ پر کریں (۱۵)

۱۔ کروموسومز ______ کی بنی ہوتی ہیں۔ ۲۔ دہی ڈبل روٹی اور سرکہ ______ کے عمل سے تیار کیئے جاتے ہیں۔ ۳۔ پودوں یا جانوروں کی دو مختلف اقسام کے ملاپ سے پیدا ہونے والے جانور کو ______ کہتے ہیں۔ ۴۔ نیفتھا ______ کا ایک جزو ہے۔ ۵۔ لائم سٹون کا کیمیائی نام ______ ہے

**سوال نمبر2** کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ (۱۵)

۱۔ کروموسومز کس چیز کے بنے ہوتے ہیں۔ ۲۔ ایسی دو مصنوعات کے نام لکھیں جو جنیٹک انجینئرنگ کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں۔ ۳۔ صابن کی عام زندگی میں اہمیت بیان کریں۔ ۴۔ صابن کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال کے نام لکھیں۔ ۵۔ عام نمک سے حاصل ہونے والے کمپاؤنڈز کے نام لکھیں۔ ۶۔ مصنوعی ویرجنٹس کی تیاری کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟ ۷۔ لائم سٹون اور نیفتھا سے حاصل ہونے والے خام مال سے ہم کون کون سی مصنوعات تیار کرتے ہیں۔

**سوال نمبر3** صابن کی تیاری تفصیل سے بیان کریں؟ (۱۵)

**سوال نمبر4** ڈیٹرجنس بنانے کا طریقہ لکھیں اور صابن کے مقابلے میں اس کی اہمیت بیان کریں؟ (۱۵)

**سوال نمبر5** فرٹیلائزر کے استعمال سے انسانوں کو کیا فوائد حاصل ہیں بیان کریں؟ (۱۵)

**سوال نمبر6** وراثتی خصوصیات اگلی نسل میں کیسے منتقل ہوتی ہیں؟ (۱۵)

**سوال نمبر7** سیپکٹو بریڈنگ کی وضاحت کریں؟ (۱۵)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ نمبر 2

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ۔۔۔عقائد | کل نمبر:100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

## حصہ اول۔۔۔ تعلیم اسلام

سوال نمبر1۔ درج ذیل میں سے (۲۰) بیس سوالات کے جوابات لکھیں۔ ۴۰

۱۔ ہمارے مذہب کا نام کیا ہے؟
۲۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام کیا ہے؟
۳۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف کتنی تھی؟
۴۔ پورا قران مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا؟
۵۔ سب سے پہلے کون سی آیت نازل ہوئی؟
۶۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟
۷۔ سید الانبیاء کون ہیں؟
۸۔ صحابہ میں سے سب سے بڑا رتبہ کس کا ہے؟
۹۔ کل صحابہ کتنے ہیں؟
۱۰۔ تمام فرشتے کے سردار کا نام کیا ہے؟
۱۱۔ کعبہ شریف کس شہر میں ہے؟
۱۲۔ حشر کا میدان کس شہر میں ہو گا؟
۱۳۔ کیا عورت نبی ہو سکتی ہے؟
۱۴۔ جو اللہ تعالی کا انکار کرے وہ کون ہے؟
۱۵۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟
۱۶۔ معجزہ کی تعریف لکھیں؟
۱۶۔ آپ کو کس نے پیدا کیا؟
۱۷۔ مسجد نبوی کس شہر میں ہے؟
۱۸۔ صحابی کسے کہتے ہیں؟
۱۹۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کب پیدا ہوئے؟
۲۰۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟
۲۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار مبارک کہاں ہے؟

سوال نمبر2۔ درج ذیل میں سے چار سوالات کے جوابات لکھیں۔ ۲۰

۱۔ قیامت کی کچھ بڑی نشانیاں بیان کریں۔
۲۔ جنت کس چیز سے بنائی جاتی ہے۔
۳۔ عشرہ مبشرہ کون لوگ ہیں ان میں سے پانچ کے نام لکھیں۔
۴۔ قیامت کیسے قائم ہو گی۔
۵۔ دس انبیاء کرام علیھم السلام کے نام لکھیں۔۔
۶۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ خوبیاں لکھیں۔
۷۔ قبر میں منکر نکیر کیا سوال کرتے ہیں مع جوابات تحریر کریں۔

## دوسرا حصہ۔۔۔ ایمانیات

سوال نمبر3۔ درج ذیل میں سے چار سوالات کے جوابات لکھیں۔ ۴۰

۱۔ ایمان مفصل زیر زبر لگا کر تحریر کریں۔
۲۔ ایمان مجمل کا ترجمہ لکھیں۔
۳۔ پنجم کلمہ لکھیں۔
۴۔ دوسرے کلمہ کا ترجمہ تحریر کریں۔
۵۔ پہلا کلمہ معنی کے ساتھ تحریر کریں۔

پرچہ نمبر 3

بسم اللہ الرحمن الرحیم

متوسط (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

## سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: فارسی و اردو ادب | کل نمبر: 150

نوٹ۔ تمام سوالات حل کریں۔

### حصہ اول فارسی ادب

#### فارسی قاعدہ

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے تین اصطلاحات کی تعریف اور بنانے کا طریقہ تحریر کریں نیز مثال دینا نہ بھولیں۔ ۱۵

امر نہی اسم مفعول اسم تفضیل اسم آلہ

سوال نمبر2: کوئی سے پانچ جملوں کی فارسی بنائیں۔ ۱۰

(الف)

| | | | |
|---|---|---|---|
| میں نے چھڑکا | وہ پسند نہیں کیے گئے | تم نے جمع کیا ہے | انہوں نے تعریف کی تھی |
| کیا اچھا ہوتا کہ وہ لکھتے | وہ پیے گا | تو نہ پڑھ | تو نہ لا |
| ہم نہیں ستائیں گے۔ | | | |

(ب) کسی پانچ جملوں کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

| | | | |
|---|---|---|---|
| پرورندہ تر | باید کہ اندوختہ شوند | منویس | نخواہی گفت |
| بخشیدہ خواہم شد | بخشیدہ می شوم | نمی خوریم | نوشتہ شوی |

(ج) کسی پانچ مصادر کے معانی لکھیں۔ ۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| آراستن | اندوختن | دیدن | مالیدن |
| رفتن | کشتن | لغزیدن | کلیدن |

#### پندنامہ

سوال نمبر5: کوئی سے پانچ اشعار کا ترجمہ اور خط کشیدہ صیغے حل کریں۔ ۲۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| چوں عنایت قادر قیوم کرد | در کف داؤد آہن موم کرد | باسلیمان داد ملک و سروری | شد مطیع خاتمش دیو و پری |
| از تن صابر بکرماں قوت داد | ہم زیونس لقمہ باحوت داد | آں یکے راارہ برسر می کشد | دیگرے را تاج بر سر می دہند |
| بادشاہا جرم ما را در گذار | ما گنہگاریم و تو آمرزگار | تو نکوکاری و ما بد کردہ ایم | جرم بے اندازہ و بے حد کردہ ایم |

سوال نمبر6: کوئی سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

کشت۔ بگویم۔ غول۔ ولید۔ جبار۔ استخواں۔ پیوستہ۔ ابلہ

(ورق الٹئے)

## حصہ دوم۔۔۔اردو ادب

سوال نمبر 1۔(الف) کسی پانچ کے درست جوابات کی نشاندہی کریں۔ ۱۰

۱۔ گھر کی مرغی ہوتی ہے۔ آلو برابر بھنڈی برابر دال برابر ٹماٹر برابر

۲۔بارش کے پانی سے گلیاں بازار بن جاتے ہیں۔ سمندر جھیلیں تالاب ندی نالے

۳۔ملک شام سے غلے کے لدے ہوئے اونٹ مدینے آئے۔ ایک ہزار دو ہزار تین ہزار چار ہزار

۴۔حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو تاجروں نے نفع کی پیش کش کی۔دو گنا تین گنا چار گنا دس گنا

۵۔سبزے اور پودوں کی افزائش رک جاتی ہے آمد سے۔ برسات کی۔ حبس کی۔ گرمی کی۔ خزاں کی۔

۶۔حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے غزوہ تبوک میں دیا۔ نصف مال۔ سارا مال۔ ایک تہائی۔ ایک چوتھائی

(ب) کالم الف کے پانچ الفاظ کو کالم ب کے متعلقہ لفظ سے ملائیں۔ ۵

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| حضرت ابو بکر | ذوالنورین |
| حضرت عمر | پھول |
| حضرت عثمان | صدیق |
| بلبل | فاروق |
| زنجیر | انسان |
| درد دل | قحط |

سوال نمبر 2۔مندرجہ ذیل الفاظ میں سے پانچ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ۲۰

خدا۔خلوص۔بہار۔نظر۔کوشش۔محنت۔

سوال نمبر 3۔درجذیل میں سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔ ۲۰

۱۔موسم گرما میں کن چیزوں سے لطف اٹھایا جاتا ہے۔

۲۔ کن ممالک میں تقریباً بارہ مہینے بارش ہوتی ہے۔

۳۔عمر ثانی رضی اللہ عنہ کا خطاب کس کو دیا گیا۔

۴۔ادبی تحریریں کون سی ہوتی ہیں۔

۵۔خلفائے راشدین کے دور کو کیا کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ ۲۰

ادب کی اہمیت پاکستان کے موسم حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

متوسط (مڈل)

پرچہ نمبر 4

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

## سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے　　　چوتھا پرچہ ۔۔۔ عربی　　　کل نمبر: 100

نوٹ۔ تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1۔ کسی دو اجزاء کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں۔ ۲۰

(الف) فلما حضر سمع منه ما عنده فثبت له صدق المصري فاوقفهما امامه، وامر المصري ان يضرب ابن عمرو وقال له۔ اضرب ابن الاكرمين۔ وكان ابوه عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ حاضرا فالتفت اليه عمر قائلا: ياعمرو متى استعبدتم الناس وقد ولدتهم امهاتهم احرارا۔

(ب) هو علاء الدين علي بن ابي الحزم ولد في دمشق سنة ۶۰۸ھ ودرس الطب فيها وفي القاهرة وقد اكتشف الدورة الدموية وتجاويف القلب والف كتبا كثيرة في الطب كانت مرجعا لمن جاء بعده كما انه الف في الحديث والفقه والنحو۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اسكر كثيره فقليله حرام۔ روت ام سلمة رضی اللہ عنہا نهى رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن كل مسكر ومفتر۔

(ج) فقد ثبت طبيا ان الخمور والمخدرات تسبب كثيرا من الامراض كالجنون والفشل الكلوي وامراض الكبد وقرحة المعدة والايدز وغيرها۔ وقد اثبتت الدراسات الاجتماعية ان من اسباب الوقوع في المخدرات ضعف الدين وضعف الايمان باللہ واصدقاء السوء۔ نسال اللہ ان يجنبنا من هذه البليات۔

سوال نمبر 2: کسی پانچ جملوں کی عربی بنائیں۔۔ ۲۵

۱۔ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائیں۔　　۲۔ مسلمان پنجگانہ نمازیں مسجد میں ادا کرتے ہیں۔

۳۔ عیدین کے مواقع پر مسلمان کہاں اکٹھے ہو کر نماز ادا کرتے ہیں۔　　۴۔ اسلام میں جہاد فرض ہے۔

۵۔ وہ اسلامی لشکر کے جھنڈے کی حفاظت کرتے ہوئے غزوہ احد میں شہید ہوئے۔ ۶۔ اسلام انسانی حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔

۷۔ روم کے سفیر نے انھیں درخت کے نیچے گہری نیند میں دیکھا　　۸۔ طالب علم نماز پڑھنے والہ اور سچ بولنے والہ تھا۔

سوال نمبر 3: کسی پانچ سوالات کے عربی میں جواب تحریر کریں۔　　۱۔ ما هو عام الحزن في حياة النبي صلی اللہ علیہ وسلم؟ ۲۵

۲۔ بماذا عرف عمر بن الخطاب؟　　۳۔ لماذا ضرب ابن عمرو المصري؟

۴۔ اين كان عمر رضی اللہ عنہ عندما جاءه الرجل الرومي؟ ۵۔ متى تزوج رسول اللہ ﷺ السيدة خديجة رضی اللہ عنها؟

۶۔ بماذا اوصى ابو بكر جيشه؟　　۷۔ بماذا تمتاز الحضارة الاسلامية عن الحضارة المعاصرة؟

سوال نمبر 4: (الف) کسی پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔　اسن، صخب، نصب، مستلقيا، قنطار، المهور، عز، راية۔ ۱۰

(ب) کوئی سے دو اشعار کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

۱۔ ينعش النفس هواها فهو للنفس شفاء　　۲۔ فلنعش تحت سماها　　في وئام واخاء

۳۔ اينما كنت فقلبي دائما يهفو اليها　　۴۔ كيف لا اعشق ارضا　　عاش اجدادي عليها

سوال نمبر 6: کسی پانچ کے درست جواب منتخب کریں۔ ۱۰

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑی تھیں۔ | ۱۵ سال | ۱۶ سال | ۱۸ سال |
| ۲۔ میسرہ آپ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھا | روم | شام | مدینہ |
| ۳۔ ۔۔۔ کے دور خلافت میں سن ہجری کی ابتدا ہوئی | حضرت عثمان غنیؓ | حضرت علیؓ | حضرت عمرؓ |
| ۴۔ حبشہ کی طرف ہجرت کے وقت مسلمان مردوں کی تعداد تھی۔ | ۸۳ | ۸۴ | ۸۵ |
| ۵۔ الاناشيد الوطنية کا معنی ہے۔ | نظم | نثر | قومی ترانہ |
| ۶۔ يوم الاربعاء ۔۔۔ کو کہتے ہیں۔ | منگل | بدھ | جمعرات |

پرچہ نمبر 5

متوسطہ (مڈل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ۔۔۔ حساب و معاشرتی علوم | کل نمبر:100

سوال نمبر 6 لازمی ہے باقی حصہ اول سے تین اور حصہ دوم سے دو سوال حل کریں۔

## پہلا حصہ۔۔۔ حساب (60)

سوال نمبر 1؛ درست جواب کی نشاندہی کریں۔ ۲۰

۱۔ اگر c,b,a اور d تناسب راست میں ہوں تو (۱) ac=cd (۲) ad=bc (۳) a+b=c+d (۴) ab=cd

۲۔ اگر 4,3,6 اور x تناسب راست میں ہوں تو x کی قیمت ہو گی (۱) 3 (۲) 4 (۳) 6 (۴) 8

۳۔ اگر x,5,3 اور 9 تناسب معکوس میں ہوں تو x کی قیمت ہو گی۔ (۱) 3 (۲) 5 (۳) 9 (۴) 15

۴۔ 625 کے جذر میں ہندسوں کی تعداد ہو گی۔ (۱) 1 (۲) 2 (۳) 3 (۴) 4

سوال نمبر 2؛ کسی دو کی تعریف لکھیں۔ ۲۰

۱۔ تناسب راست ۲۔ تناسب معکوس ۳۔ تناسب مرکب ۴۔ تناسب

سوال نمبر 3؛ 12 کوئنٹل سامان کا کرایہ 18 کلومیٹر سفر کے لے 20 روپے ہو تو 8 کوئنٹل سامان کا کرایہ 20 کلومیٹر سفر کے لے کتنا ہو گا۔ ۲۰

سوال نمبر 4؛ اگر 15 کاریگر 9 دنوں میں 20,250 روپے کمائیں تو 10 کاریگر 12 دنوں میں کتنے روپے کمائیں گے؟ ۲۰

سوال نمبر 5؛ جذر بذریعہ تقسیم معلوم کریں۔ ۲۰

۱۔ 784 ۲۔ 1225

## دوسرا حصہ۔۔۔ معاشرتی علوم (40)

سوال نمبر 6۔ مختصر جواب تحریر کریں۔ ۱۰

۱۔ کس تاریخ کو پورا چاند نظر آتا ہے؟ ۲۔ دبِّ اکبر کسے کہتے ہیں؟

۳۔ پہلے دن کے چاند کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۴۔ اسلامی کیلنڈر کا تعلق کس سال سے ہے؟

۵۔ کس رات کو چاند نظر نہیں آتا؟

سوال نمبر 7۔ (الف) سورج گرہن اور چاند گرہن کی وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 8۔ زراعت میں کون کون سے طریقے رائج ہیں ہر طریقے کا مختصر حال لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 9۔ کسی دو پر نوٹ تحریر کریں۔ ۱۵

۱۔ تجارت کی اہمیت ۲۔ زمین کی ساخت ۳۔ نظام شمسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ نمبر 6

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

## سالانہ امتحان شھادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ۔۔۔جنرل سائنس وانگلش | کل نمبر: 150

نوٹ۔ حصہ سائنس سے تین اور حصہ انگلش کے تمام سوالات حل کریں۔

پہلا حصہ۔۔۔سائنس (75)

سوال نمبر 1۔ خالی جگہ پر کریں۔ (الف) ۵

۱۔ سپونجز کے سارے جسم پر۔۔۔۔۔ہوتے ہیں۔ ۲۔ ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کو۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

۳۔ وائرسز کو جانداروں اور۔۔۔۔۔کے مابین تصور کیا جاتا ہے۔ ۴۔ انسان میں ہیضہ اور ٹی بی۔۔۔۔۔کی وجہ سے ہوتی ہے۔

۵۔ پرندوں میں عام طور پر ونگز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے کام آتے ہیں۔

(ب) مختصر جواب تحریر کریں۔ ۲۰

۱۔ میملز کی دو خصوصیات لکھیں۔ ۲۔ دو پیراسائٹس کے نام لکھیں جو انسان میں پائے جاتے ہیں۔

۳۔ انسان میں وائرس سے پھیلنے والی چار بیماریوں کے نام لکھیں۔ ۴۔ انسان میں بیکٹیریا سے پھیلنے والی چار بیماریوں کے نام تحریر کریں۔ ۵۔ کلاسیفیکیشن کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 2۔ خوراک کو محفوظ کرنے کے طریقوں کی وضاحت کریں۔ ۲۵

سوال نمبر 3۔ جانوروں کی دیکھ بھال کیوں ضروری ہے نیز جانوروں کی حفاظت کے لئے ضروری اقدامات تحریر کریں۔ ۲۵

سوال نمبر 4۔ کسی دو پر نوٹ لکھیں۔

۱۔ ورمز ۲۔ بیکٹیریا کے فوائد و نقصانات. ۳۔ وائرس جاندار ہیں یا بے جان؟ ۲۵

حصہ دوم انگلش (75)

**Q.No.5.Translate into urdu any one of the following .** (کسی ایک پیرے کا اردو میں ترجمہ تحریر کریں)
**20**

**(i) We have mearly finished our maths course. Only a few chapters are left. I am not worried so much about maths, My real worry is that I have missed a number of lessons and practicals in physics and chemistry.**

**(ii)You know I had hidden away all my money.I had done so a long time ago and I had forgotten completely about it. I have found it today. That.s why I am so happy.**

**Q.No6. answers any five of the following questions.** (پانچ سوالات کے انگلش میں جواب لکھیں) **30**

**(i) why did Qasim go to Dubai? (ii)what two subjects does Qasim find tough?**

**(iii)why did the forgetful man hide his money in the hole?**

**(iv)what did the forgetful man do when he saw his money?(v)what did the thief do then?**

**(vi) what did the thief do in the forgetful man,s bedroom?(vii) what has Qasim decided to do after his studies?**

**Q.No.7.write an application for urgent piece of work at home?** (گھر پر کام کے لیے درخواست لکھیں)

**or** یا (کسی ایک پر کہانی لکھیں)

**write a story on any one of the two (i) The Thirsty crow (ii) Union is Strength 10**

**Q.No.9.Define with examples any three ? noun,pronoun.,verb,.helping verb,. object 15**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 2

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۷ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد | کل نمبر: ۱۰۰

تمام سوالات حل کریں

## حصہ اول ۔۔۔۔۔۔۔ تعلیم اسلام

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے (۲۰) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ۴۰

(۱) خدا تعالیٰ کسے کہتے ہیں؟
(۲) کافر اور مشرک ہونے میں کیا خرابی ہے؟
(۳) حضور کے دادا اور نانا کا نام کیا تھا؟
(۴) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مزار مبارک کہاں ہے؟
(۵) فرشتے کیا چیز ہیں؟
(۶) قرآن مجید میں کس چیز کا بیان ہے؟
(۷) کیا فرشتے انسان کی شکل اختیار کر سکتے ہیں؟
(۸) سب سے پہلے کونسی آیت نازل ہوئی؟
(۹) معصوم کسے کہتے ہیں؟
(۱۰) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟
(۱۱) خلیفہ کسے کہتے ہیں؟
(۱۲) عورتوں کا اولیاء کرام کے مزارات پر جانا کیسا ہے؟
(۱۳) کرامت کا انکار کرنا کیسا ہے؟
(۱۴) حشر کا میدان کہاں قائم کیا جائے گا؟
(۱۵) جو شفاعت کا انکار کرے اس کیلئے کیا حکم ہے؟
(۱۶) میزان کسے کہتے ہیں؟
(۱۷) پل صراط کسے کہتے ہیں؟
(۱۸) جنت کیسی ہے؟
(۱۹) کیا دوزخ میں اجالا نہیں ہوگا؟
(۲۰) دوزخ کی آگ کتنی تیز ہے؟
(۲۱) یاجوج ماجوج کون ہیں؟
(۲۲) کوئی بزرگ صحابی کے درجے کو پہنچ سکتا ہے یا نہیں؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے کوئی چار اجزاء کا جواب دیں۔ ۲۰

(۱) اللہ تعالیٰ کا ایک ہونا کہاں ثابت ہے؟
(۲) انبیاء کرام علیہم السلام کا مرتبہ بیان کیجئے۔
(۳) اس پر کیا دلیل ہے کہ انبیاء اپنے مزاروں میں زندہ ہیں؟
(۴) انبیاء کرام علیہم السلام کے کچھ معجزے بیان کیجئے۔
(۵) قبر میں منکر نکیر کیا سوال کرتے ہیں؟
(۶) دوزخیوں کو کھانے پینے کیلئے کیا ملے گا؟

## حصہ دوم ۔۔۔۔۔۔۔ ایمانیات

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے کسی چار اجزاء کا جواب دیں۔ ۴۰=۱۰x۴

(۱) ایمان مجمل مع اعراب (زبر زیر وغیرہ) تحریر کریں۔
(۲) ایمان مفصل مع معنی تحریر کریں۔
(۳) چوتھا کلمہ مع اعراب (زبر زیر وغیرہ) لکھیں۔
(۴) دوسرا کلمہ کا معنی و مفہوم لکھیں۔
(۵) چھٹا کلمہ تحریر کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 3

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۷ھ /2016ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: فارسی واردو ادب | کل نمبر: ۱۵۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں

## حصہ اول ـــــــ فارسی ادب (فارسی قاعدہ)

سوال نمبر 1:۔ کسی دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) ماضی کی کل کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں ان میں سے کسی دو کے بنانے کا طریقہ لکھیں۔ ۱۰

(۲) پروردن مصدر سے ماضی احتمالی مجہول کی گردان مع معنی تحریر کریں۔ ۱۰

(۳) صیغہ واحد غائب، جمع غائب، واحد حاضر، جمع حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم کی علامات مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔ کسی دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) فرستادہ شدہ اید، آراستہ ام، اندوختہ بودم، آموختے، نوشید، بگوئید، مخواں کسی تین کا ترجمہ کریں اور صیغہ بتائیں۔ ۱۰

(۲) حال مجہول، امر معروف، اسم تفضیل، اسم آلہ میں سے کسی تین کے بنانے کا طریقہ لکھیں۔ ۱۰

(۳) مصدر کی تعریف کرنے کے بعد بتائیں کہ گردن مصدر ہے یا نہیں؟ ۱۰

## (پند نامہ)

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے کسی پانچ اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۲۵

بعد ازیں گوئیم نعت مصطفیٰ آنکہ عالم یافت از نورش صفا سید کونین ختم المرسلیں آخر آمد بود فخر الاولیں

آنکہ آمد نہ فلک معراج او انبیاء و اولیاء محتاج او شد وجودش رحمۃ للعالمیں مسجد او شد ہمہ روئے زمیں

نام مردم جز بہ نکوئی مبر گر ہمی خواہی کہ گردی معتبر قوت نیکی نداری بد مکن بر وجود خود ستم بے حد مکن

(ب) پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ ہنگام ، آہن ، ماہی ، مہد ، عصیاں ، ابلہ ، شکم ، حِلم ، مار ۱۰

## حصہ دوم ـــــــ اردو ادب

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا جواب دیں۔ ۲۰

(۱) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کیوں کہا جاتا ہے؟

(۲) زیادہ آمدن والے لوگ کن چیزوں سے لطف اٹھاتے ہیں؟

(۳) موسم سرما کا زور بالعموم کب ٹوٹ جاتا ہے؟

(۴) شر کی مثالیں کس لیے محفوظ رکھی گئی ہیں؟

(۵) غیر ادبی تحریر کونسی ہوتی ہے؟

(۶) ہم نے یہ وطن کیسے حاصل کیا؟

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ۲۰

(۱) سخاوت (۲) وصیت (۳) اطاعت (۴) ادب (۵) تمیز (۶) تنہا (۷) اداس

سوال نمبر 6:۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ ۲۰

(۱) درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو (۲) ادب کی اہمیت (۳) ملی وحدت

سوال نمبر 7:۔ (الف) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کی جمع لکھیں۔ ۵

مخلوق ، نعمت ، شجر ، باغ ، فائدہ ، موسم ، شاخ

(ب) نیچے دیے گئے الفاظ میں سے پانچ کے متضاد الفاظ لکھیں۔ ۵

بہار ، گرم ، کم تر ، زمین ، نفع بخش ، عمومی

(ج) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۵

کارآمد ، ایثار ، سخاوت ، خشکی ، سیاحت ، زرخیز ، تکریم

پرچہ نمبر ۵

متوسط (مڈل)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۷ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | **چوتھا پرچہ: عربی ادب** | کل نمبر: ۱۰۰

تمام سوالات حل کریں

**سوال نمبر 1:۔** دو اجزاء کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۲۰

**(الف)** السيدة خديجة بنت خويلد هي الزوجة الأولى للرسول محمد ﷺ وكانت أسن منه بخمس عشرة سنة عاشت في مكة ونشأت في بيت شرف وغنى۔ فقد كانت أشرف نساء قريش وأكثرهن مالا۔ سافر رسول الله ﷺ في تجارة لها الى بلاد الشام وكان معه في تلك الرحلة غلامها ميسرة الذى رأى من أمانته وبركاته الشيء الكثير وعاد رسول الله ﷺ لها بربح كثير وفير

**(ب)** جاء رجل من بلاد الروم الى المدينة وله حاجة عند امير المؤمنين عمر رضی اللہ عنہ فلما بلغ المدينة سأل عن عمر رضی اللہ عنہ فقيل له انه ذهب ليستريح قليلا في ظل شجرة فذهب الى الموضع ووجد عمر رضی اللہ عنہ مستلقيا في ظل الشجرة نائما فقال الرجل: عدلت فأمنت فنمت يا عمر رضی اللہ عنہ

**(ج)** يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۝

**سوال نمبر 2:۔** درج ذیل میں سے چار اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۲۰

كل ما فيها جميل    من سهول او جبال    جوها صاف بديع    ماء ها عذب زلال

الصين لنا والعرب لنا    والهند لنا والكل لنا    اضحى السلام لنا دينا    وجميع الكون لنا وطنا

توحيد الله لنا نور    أعددنا الروح له سكنا    علم الاسلام على الأيا    مِ شعار المجد لملتنا

**سوال نمبر 3:۔ (الف)** درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۱۵

(۱) متى تزوج رسول الله ﷺ السيدة خديجة؟ (۲) بماذا عرف عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ؟ (۳) ماذا قالت المرأة لعمر وهو كان فوق المنبر؟ (۴) لماذا نعد مصعبا من السابقين الاولين؟ (۵) بماذا أوصى أبو بكر جيشه؟ (۶) من هو الرازى؟

**(ب)** پانچ جملوں کی عربی بنائیں۔ ۱۵

(۱) رسول اللہ ﷺ سیدہ خدیجہؓ کا مال لے کر تجارت کیلئے شام گئے (۲) اللہ تعالیٰ انہیں اور دیگر مجاہدین کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین (۳) اسلام انسانی حقوق کی حفاظت کرتا ہے (۴) بے شک مومن کی دعا قبول ہوتی ہے (۵) اللہ تعالیٰ نے انسان کو وہ کچھ سکھا دیا جو وہ نہ جانتا تھا (۶) اسلام میں شراب حرام قرار دی گئی ہے۔

**سوال نمبر 4:۔ (الف)** درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۱۵

(۱) سافر (۲) السنة (۳) يحتفل (۴) المدينة (۵) رجس (۶) البلاغ (۷) عذب (۸) ملة

**(ب)** درج ذیل میں سے کسی پانچ کے درست جواب کا انتخاب کریں۔ ۱۵

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) وہ مہینہ جس کے روزے مسلمانوں پر فرض ہیں۔۔۔ | رجب | رمضان | محرم |
| (۲) ہجری سال کی ابتدا ہوتی ہے۔۔۔ | محرم سے | شعبان سے | ذی القعدہ سے |
| (۳) ربیع الاوّل کے مہینے میں | حضور ﷺ کی ولادت ہوئی | قرآن نازل ہوا۔ | مسلمان عید الفطر ادا کرتے ہیں |
| (۴) ابوبکر الرازی پیدا ہوئے | دمشق میں | عراق میں | مصر میں |
| (۵) مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع ہوتا ہے | عیدین کے موقع پر | جمعہ کے دن | حج کے موقع پر |
| (۶) سن ہجری کا باقاعدہ اجراء کیا | حضور ﷺ نے | حضرت ابوبکرؓ نے | حضرت عمرؓ نے |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 5

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۷ھ /2016ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: حساب و معاشرتی علوم | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ:۔ حصہ اول سے کوئی چار سوال اور حصہ دوم سے کوئی دو سوال حل کریں۔

## حصہ اول ۔۔۔۔۔ حساب

سوال نمبر 1:۔ درست بیانات کے سامنے "T" اور غلط بیانات کے سامنے "F" لکھیں۔ 15

ا۔ دو نسبتوں کی برابری کو نسبت کہتے ہیں۔

(۲) دو یا دو سے زیادہ تناسبوں کے آپسی تعلق کو مرکب تناسب کہتے ہیں۔

(۳) 1024 کا جذر تین ہندسی عدد ہوگا۔

(۴) کسر عام کا جذر اس کے مخرج کے جذر کے برابر ہوتا ہے۔

(۵) کسی شے کی لکھی ہوئی قیمت پر رعایت کمیشن کہلاتی ہے۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے تین اصطلاحات کی تعریف کریں۔ 15

(۱) پریمیم (۲) انکم ٹیکس (۳) خالص آمدن (۴) ریبیٹ (۵) انشورنس

سوال نمبر 3:۔ اگر 8 میٹر لمبے اور 3 میٹر چوڑے قالین کی قیمت 1572 روپے ہو تو 12 میٹر لمبے اور 6 میٹر چوڑے قالین کی قیمت کیا ہوگی؟ 15

سوال نمبر 4:۔ ایک مستطیلی کھیت کا رقبہ 10092 مربع میٹر ہے۔ اس کے ضلع کے لمبائی معلوم کریں۔ 15

سوال نمبر 5:۔ ایک اخبار فروش نے ایک ماہ میں 10800 روپے کے اخبار فروخت کیے اور 1620 روپے کمیشن حاصل کی، کمیشن کی شرح فیصد معلوم کریں۔ 15

سوال نمبر 6:۔ فریال نے اپنی گاڑی کی ایک انشورنس پالیسی 3.25% سالانہ کی شرح سے 3 سال کی مدت کیلئے کروائی۔ اس کا پہلا پریمیم 26000 روپے ہے۔ اس کی گاڑی کی مالیت کیا ہوگی؟ اس کا دوسرا اور تیسرا پریمیم بھی معلوم کریں۔ 15

## حصہ دوم ۔۔۔۔۔۔ معاشرتی علوم

سوال نمبر 7:۔ نظام شمسی کے آٹھ بڑے سیاروں کے نام تحریر کریں نیز بتائیں کہ زمین کو کتنی اور کون کونسی تہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ 20

سوال نمبر 8:۔ دنیا میں زرعی اہمیت کے علاقے کون کون سے ہیں؟ 20

سوال نمبر 9:۔ دنیا میں چار اہم گنجان آباد علاقے کون کونسے ہیں؟ نیز ان میں آبادی کی گنجانی کی کیا وجوہات ہیں؟ 20

سوال نمبر 10:۔ درج ذیل واقعات کے رونما ہونے کے سن تحریر کریں۔ 20

(۱) برصغیر کی آزادی کے منصوبے کا اعلان۔

(۲) قائداعظم نے چودہ نکات پیش کیے۔

(۳) خطبہ الہ آباد

(۴) شملہ کانفرنس کا انعقاد

(۵) مسلم لیگ کی طرف سے یوم نجات۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 6

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۷ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: جنرل سائنس وانگلش | کل نمبر: ۱۵۰

نوٹ:۔ حصہ اول سے کوئی تین سوالات اور حصہ دوم کے تمام سوالات حل کریں۔

## حصہ اول ________ سائنس

سوال نمبر 1:۔ خالی جگہ پُر کریں۔ ۲۵

(۱) بیکٹیریا __________ مائیکروسکوپک آرگنزم ہیں۔ (۲) مچھلیوں کے سانس لینے کیلئے __________ موجود ہوتے ہیں۔
(۳) وارم بلڈڈ جانوروں میں پرندے اور __________ شامل ہیں۔ (۴) ایک ہی جگہ رہنے والی سپیشیز __________ بناتی ہیں۔
(۵) کیلسم فاسفیٹ پانی میں __________ ہے۔

سوال نمبر 2:۔ کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ۲۵

(۱) سپیشیز کی تعریف کریں۔ (۲) بیکٹیریا کے فوائد بیان کریں، (۳) کولڈ بلڈڈ اور وارم بلڈڈ جانوروں میں کیا فرق ہے؟ (۴) فشز کی امتیازی خصوصیات بیان کریں۔ (۵) نقل مکانی سے کیا مراد ہے؟ (۶) ڈی فارسٹیشن کی تعریف کریں۔ (۷) الیکٹرک پاور کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 3:۔ جوڑ دار ٹانگوں والے جانوروں کی امتیازی خصوصیات بیان کریں اور مثالیں دیں۔ ۲۵

سوال نمبر 4:۔ انسانی بہبود کیلئے علم وراثت کے استعمال پر مختصر نوٹ لکھیں۔ ۲۵

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ اصطلاحات کی وضاحت کریں۔ ۲۵

(۱) سٹرلائزیشن (۲) کمیونٹی (۳) ری سائیکلنگ (۴) بائیوڈائیورسٹی (۵) توارث (۶) جینز (۷) ڈی۔این۔اے

## حصہ دوم ________ انگلش

**Q. NO 6: Translate into Urdu any one of the following . (20)** (کسی ایک پیرے کا اردو میں ترجمہ کریں۔)

**(i) The people of Makkah boycotted the Holy (ﷺ) socially for three years. when Prophet**
**he (ﷺ) want to Taif to preach islam, the people there threw stones at him.**

**(ii) Once it so happened that there was no rain for months. A great famine spread across the land and the woodcutter soon had nothing to give to his family. All the savings were gone and there was nothing left to eat.**

**Q. NO 7: Answer the following questions. (any three) (15)** (کسی تین سوالات کے انگلش میں جواب دیں)

**(i) Why did the forgetful man hide his money in the hole? (ii) Why did the forgetful man do when a thief came to his bedroom? (iii) What did the thief do in the forgetful man's bedroom? (iv) What did the forgetful man do, when he saw his money? (v) What did the thief do then?**

**Q. NO 8: Write an application for sick leave (15)** (بیماری کیلئے درخواست لکھیں)

یا **or** (کسی ایک پر کہانی لکھیں)

**Write a story for one of the followings (15)**

**(i) Thirsty Crow (ii) Union is Strength.**

**Q. NO 9: Define with examples any three? (15)**

پرچہ نمبر 2

متوسطہ (مڈل)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد | کل نمبر: ۱۰۰

تمام سوالات حل کریں۔

## حصہ اول ... تعلیم اسلام

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کوئی بیس (20) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ۲۰x۲=۴۰

(۱) مسلمان کسے کہتے ہیں؟
(۲) اسلام کا کلمہ کیا ہے؟
(۳) کیا کافر اور مشرک جنت میں کبھی نہیں جائیں گے؟
(۴) سرکار مصطفیٰ ﷺ کون ہیں؟
(۵) حضور ﷺ کی ماں کا نام کیا تھا؟
(۶) حضور ﷺ کے انتقال کے دن انگریزی تاریخ کیا تھی؟
(۷) جو ہمارے حضور ﷺ کو نہ مانے وہ کیا ہے؟
(۸) قرآن شریف کس کی کتاب ہے؟
(۹) پورا قرآن مجید ایک مرتبہ اترا یا تھوڑا تھوڑا؟
(۱۰) حضرت جبریل علیہ السلام کون ہیں؟
(۱۱) یہ کہنا کہ فرشتے کوئی چیز نہیں، اسکا کیا حکم ہے؟
(۱۲) سب سے آخر میں کونسی آیت نازل ہوئی؟
(۱۳) کیا انبیاء کرام علیہم السلام زندہ ہیں؟
(۱۴) سید الانبیاء کون ہیں؟
(۱۵) ہمارے حضور ﷺ کی شادی کس عمر میں ہوئی؟
(۱۶) آپ ﷺ کی پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟
(۱۷) عورتوں کا اولیائے کرام کے مزارات پر جانا کیا ہے؟
(۱۸) کرامت کا انکار کرنا کیسا ہے؟
(۱۹) جو شخص شفاعت کا انکار کرے اس کیلئے کیا حکم ہے؟
(۲۰) دوزخ کیا چیز ہے؟
(۲۱) دوزخ کی گہرائی کتنی ہے؟
(۲۲) جنت و دوزخ کا انکار کرنے والا کیسا ہے؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے کسی چار اجزاء کا جواب دیں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) ہمارے رسول ﷺ دنیا میں کتنے برس رہے؟
(۲) فرشتے کیا چیز ہیں؟
(۳) قرآن مجید کس طرح نازل ہوا؟
(۴) یاجوج ماجوج کب نکلیں گے؟
(۵) حشر کے میدان میں لوگوں کا کیا حال ہوگا؟

## حصہ دوم ... ایمانیات

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے کسی چار اجزاء کے جواب تحریر کریں۔ ۴x۱۰=۴۰

(۱) ایمان مجمل مع ترجمہ تحریر کریں۔
(۲) ایمان مفصل مع اعراب (زبر، زیر وغیرہ) لکھیں۔
(۳) تیسرا کلمہ مع اعراب (زبر، زیر وغیرہ) لکھیں۔
(۴) چوتھے کلمہ کا معنی و مفہوم تحریر کریں۔
(۵) پانچویں کلمہ کا صرف ترجمہ سپرد قلم کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 3

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شهادة المتوسطة (مڈل) برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: فارسی ادب و اردو ادب | کل نمبر: 150

تمام سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

## حصہ اول ... فارسی ادب (فارسی قاعدہ)

سوال نمبر 1:۔ کسی دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) ماضی قریب، ماضی احتمالی میں سے ہر ایک کی تعریف اور بنانے کا طریقہ لکھیں۔ ۵+۵=۱۰

(۲) آوردن سے ماضی قریب معروف کی گردان مع معنی تحریر کریں۔ ۵+۵=۱۰

(۳) ماضی مطلق اور ماضی قریب میں فرق کی وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔ کسی دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) گفتند، نواختیم، بنیاریدہ، نخفتہ ام، می جستی کے معانی لکھیں۔ ۲x۵=۱۰

(۲) مضارع مجہول اور اسم مفعول بنانے کا طریقہ لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(۳) مصدر اور حاصل مصدر کی تعریف کریں نیز حاصل مصدر بنانے کا کوئی قاعدہ مقرر ہو تو اسے تحریر کریں۔ ۲+۴+۴=۱۰

### (پند نامہ)

سوال نمبر 3:۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی پانچ اشعار کا ترجمہ کریں۔ ۵x۵=۲۵

| | |
|---|---|
| ۱۔ آں امامانے کہ کردند اجتہاد رحمت حق برروان جملہ باد | ۲۔ بو حنیفہ بد امام با صفا آں سراج امتان مصطفا |
| ۳۔ چونکہ عادل باشد و میمون لقا باشد اندر مملکت شہ را بقا | ۴۔ چوں کند سلطان کرم بالشکری بہر او بازند صد جاں سرسری |
| ۵۔ ہر کہ او را تکیہ بر صانع بود در جہاں با لقمۂ قانع بود | ۶۔ اکتفاء بر روزی ہر روزہ کن گر نداری از خدا در یوزہ کن |

(ب) باد ، گلزار ، اعداء ، کف ، قرین ، لحد ، جراحت میں سے کسی پانچ الفاظ کے معانی لکھیں۔ ۲x۵=۱۰

## حصہ دوم ... اردو ادب

سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا جواب دیں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) حضرت عثمان غنی کو تاجروں نے کتنے نفع کی پیشکش کی تھی؟ (۲) موسم گرما میں کن چیزوں سے لطف اٹھایا جاتا ہے؟

(۳) احکام الٰہیہ کو کون شخص دوسروں پر لاگو کر سکتا ہے؟ (۴) بنو امیہ کے دور میں ادب کا لفظ کن معانی میں رائج ہوا؟

(۵) اتحاد و یگانگت کے کیا فائدے ہیں؟ (۶) کس ملک کی بنیاد ظلم اور زیادتی پر رکھی گئی ہے؟

(ب) شجر ، ٹہنی ، کیڑا ، غم ، راہ ، مشعل ، روشنی مذکورہ مفرد الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع تحریر کریں۔ ۵

سوال نمبر 5:۔ (الف) جہالت، خود غرضی، تمیز، آباؤ اجداد، آسودگی، پھول، رسوائی میں سے کسی پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ۴x۵=۲۰

(ب) محارف، تقلید، صفت، عبور، مطالعہ مذکورہ الفاظ پر اعراب (زبر، زیر وغیرہ) لگا کر صحیح تلفظ واضح کریں۔ ۵

سوال نمبر 6:۔ (الف) درج ذیل فعل مجہول والے جملوں کو فعل معروف میں تبدیل کر کے لکھیں۔ ۴x۵=۲۰

(۱) چار گول کیے گئے۔ (۲) نظم پڑھی جاتی ہے۔ (۳) شکوہ کیا گیا۔ (۴) صفائی کی جائے گی۔ (۵) تالا توڑا گیا۔

(ب) تشویش، مؤثر، اسراف، صفات، کند، مقبول، آسودگی مذکورہ الفاظ میں سے کسی پانچ کے معانی لکھیں۔ ۵

پانچواں پرچہ

متوسطہ (مڈل)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ: عربی | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کسی دو اجزاء کا ترجمہ کریں۔ ۲x۱۵=۳۰

(الف) وکان ﷺ یقول عنها "امنت بی حین کفر بی الناس و صدقتنی حین کذبنی الناس و واستنی بمالها اذحرمنی الناس و رزقنی الله منها الولد" ولما سئل ﷺ عنها بعد وفاتها قال: ابصرتها علی نهر من الجنة فی بیت من قصب لاصخب فیه ولا نصب

(ب) قد نزل القرآن الکریم فی شهر رمضان وفیه یصوم المسلمون وفی اول یوم من شهر شوال یحتفلون بعید الفطر کما یحتفلون بعید الاضحی فی ذی الحجة والمسلمون یحجون الی بیت الحرام فی شهر ذی الحجة

(ج) وذات یوم کان عمر رضی الله عنه واقفا علی منبر رسول الله ﷺ یخطب منددا بالمغالاة فی المهور فجاء ت امرأة من المسلمین ونظرت الیه وقالت أیعطینا الله قنطارا ویمنعنا عمر فقال عمر وذلک قالت یقول الله تعالی وان اردتم استبدال زوج مکان زوج وآتیتم احدٰهن قنطارا فلا تاخذوا منه شیئا أتاخذونه بهتانا واثما مبینا

سوال نمبر 2:۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی چار جملوں کی عربی بنائیں۔ ۴x۵=۲۰

(ا) شراب پینا شیطانی عمل ہے۔ (۲) حدیث رسول میں شراب کو ام الخبائث کہا گیا ہے۔ (۳) برے دوستوں سے بچو۔ (۴) نیک انسان مظلوم کا مددگار ہوتا ہے۔ (۵) میں اپنے وطن سے محبت کرنے والا ہوں۔ (۶) ہمارے دل اللہ تعالیٰ کی توحید سے منور ہیں۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی پانچ مرکبات کے معانی لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(ا) یخلو بغار حراء (۲) الدوائر الحکومیة (۳) انا ابن الاکرمین (۴) عدلت فأمنت فنمت (۵) حمل الامانة (۶) حتی سقط شهیدا (۷) ضمیر المسلم

سوال نمبر 3:۔ (الف) درج ذیل میں سے کسی چار سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۴x۵=۲۰

(ا) این نشأ مصعب بن عمیر رضی الله عنه (۲) ما الدلیل علی حبه للاسلام؟ (۳) لما ذا بعثه رسول الله ﷺ لاهل یثرب (۴) ممن ورثنا نحن تراثنا الحضاری الاسلامی؟ (۵) بماذا اوصی ابوبکر رضی الله عنه جیشه؟

(ب) درج ذیل میں سے چار الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۴x۵=۲۰

رجس ، صریح ، البلاغ ، الجنون ، شعار ، ملة

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرچہ نمبر 5

متوسطہ (مڈل)

# تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان شہادۃ المتوسطۃ (مڈل) برائے طلبہ سال ۱۴۳۸ھ/2017ء

وقت: تین گھنٹے

## پانچواں پرچہ: حساب ومعاشرتی علوم

کل نمبر:۱۰۰

سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

## حصہ اول ... حساب

سوال نمبر 1:۔ درست بیانات کے سامنے ''ص'' اور غلط کے سامنے ''غ'' لکھیں۔ ۵×۴=۲۰

(۱) دو نسبتوں کی برابری نسبت کہلاتی ہے۔

(۲) اگر a،b،c،d تناسب راست میں ہوں تو bc=ad۔

(۳) تناسب کیلئے علامت '': :'' استعمال ہوتی ہے۔

(۴) کتابوں کی تعداد اور انکی قیمت میں تناسب معکوس ہوگا۔

(۵) آدمیوں کی تعداد اور خوراک کی مقدار میں تناسب معکوس ہوگا۔

سوال نمبر 2:۔ ایک آدمی نے ایک عمارت 30 دن میں بنانے کا ٹھیکہ لیا اور 20 آدمی کام پر لگائے 10 دن میں کام کا صرف 1/4 حصہ ختم ہوا وہ کتنے آدمی اور لگائے کہ کام پورے وقت پر ختم ہو جائے۔ ۲۰

سوال نمبر 3:۔ وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد معلوم کریں جس کو عدد 109087 میں سے تفریق کریں تو حاصل تفریق ایک مکمل مربع ہو۔ ۲۰

سوال نمبر 4:۔ ایک صنعت کار 15000 روپے کی سیل پر 15% کمیشن دیتا ہے اور 15000 سے زیادہ جتنی سیل ہو اس پر 20% کمیشن دیتا ہے ایک ایجنٹ نے 26500 روپے کی اشیاء فروخت کیں۔ اسکو کتنا کمیشن ملا؟ ۲۰

## حصہ دوم ... معاشرتی علوم

سوال نمبر 5:۔ درست بیانات کے سامنے ''ص'' اور غلط بیانات کے سامنے ''غ'' کا نشان لگائیں۔ ۵×۲=۱۰

(۱) آبادی کے لحاظ سے چین دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔

